5684 ـ کیا جلد انزال کرنا ایسا سبب ہے جو طلاق مباح کر دیتا ہے

سوال

کیا جماع کے وقت جلد انزال کر دینا بیوی کے لیے طلاق طلب کرنے مباح کر دیتا ہے ؟
مجھے علم ہے کہ جنسی کمزوری کی بنا پر ایسا ہوتا ہے لیکن اگر مرد دس یا بیس سیکنڈ کے بعد انزل کر دے تو اس حالت میں کیا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح العثیمین کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے ہمیں یہ جواب دیا:

الجواب:

اگر تو عورت اس سے متاثر ہوتی ہے، اور استمتاع میں بیوی کا حصہ فوت ہو جاتا ہے تو پھر طلاق طلب کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر اس کے پاس اولاد ہے تو پھر وہ جلد بازی نہ کرے.